© rasailojaraid.com



کا حیثیت رکھتا ہے۔ مولانا آزاد کی پرجوش اور فکر انگیز تحریروں نے غافل مسلمانوں کو بھولا ہوا راستہ دکھایا۔ ان کی تحریروں کو اول روز سے حرزِ جان بنا یا گیا اور آج بھی ان کے قلم سے نکلا ہوا ایک ایک لفظ غور و فکر سے پڑھا جاتا ہے۔ اس لیے اکثر دوسرے افراد کی تحریریں بھی مولانا کے نام سے چھپتی رہتی ہیں۔ زیرِ نظر تالیف بھی مولانا آزاد سے منسوب ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ مضامین "الہلال" میں چھپے تو ہیں لیکن ان کے رشحاتِ قلم نہیں۔

تاہم تالیف اپنے موضوع پر عمدہ کوشش ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، خلفائے راشدین، بعض دوسرے صحابہؓ اور تابعینؒ کی زندگی کے آخری ایام ان میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

"گلستان پبلی کیشنز" کے تجریدی سلسلہ کی یہ دوسری کتاب ہے امید ہے یہ سلسلہ کامیابی سے چلتا رہے گا۔

(۷)

"میثاق" (قرآن کانفرنس نمبر)

ایڈیٹر ڈاکٹر اسرار احمد

ناشر "انجمن خدام القرآن" ۱۲ افغانی روڈ سمن آباد ۔ لاہور

صفحات ۲۰۰ قیمت : ۶/ روپے

ماہنامہ "میثاق" ملک کا معروف دینی جریدہ ہے اور جنوری ۱۹۷۳ء میں انجمن خدام القرآن کے آرگن کے طور پر شائع ہو رہا ہے۔ زیرِ نظر خصوصی اشاعت انجمن کی تیسری سالانہ کانفرنس کی روداد اس میں پیش کیے گئے چند مقالات اور کراچی و سکھر کی مقامی انجمنوں کی رپورٹوں پر مشتمل ہے۔ مقالات کی تفصیل یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| مسلمانوں کے قرآن حکیم سے بُعد اور بے گانگی کے اسباب | یوسف سلیم چشتی |
| اقبال اور وجود مصدقہ | خواجہ غلام صادق |
| ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا | خالد ۔ ایم ۔ اسحاق |
| قرآن مجید کی معجزانہ تاثیر | ڈاکٹر ذوالفقار علی ملک |
| اعجازِ قرآن | مولانا محمد مالک |
| فضیلتِ قرآن | سید حامد میاں |
| شاہ علی اللہ اور علومِ قرآن | ڈاکٹر محمد مظہر بقا |
| قرآن اور تصورِ ملکیت | مولانا محمد طاسین |

مقالہ نگار حضرات ملک کے معروف اہلِ دانش ہیں۔ ان کی گفتگوئیں فکر انگیز ہیں اور عمل کی دعوت دیتی ہیں

(ابو شاہد)

© rasailojaraid.com